# ریاضی

## پہلی جماعت



سرکاری فیصلہ نمبر : ابھیاس-۲۱۱۶/(پر-نمبر۱۶/۴۳) ایس ڈی-۴ مؤرّخہ ۲۵/اپریل ۲۰۱۶ء کے مطابق قائم کردہ رابطہ کار کمیٹی کی ۴/مئی ۲۰۱۸ء کو منعقدہ نشست میں اس کتاب کو تعلیمی سال ۱۹-۲۰۱۸ء سے درسی کتاب کے طور پر منظوری دی گئی۔

# ریاضی

## پہلی جماعت



مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴۱۱۰۰۴۔

7NCQTH

اپنے اسمارٹ فون میں انسٹال کردہ Diksha App کے توسط سے درسی کتاب کے پہلے صفحے پر درج Q.R. code کے ذریعے ڈیجیٹل درسی کتاب، اسی طرح درسی کتاب کے مواد سے متعلق دیے ہوئے دیگر Q.R. code کے ذریعے درس وتدریس کے لیے مفید سمعی و بصری وسائل دستیاب ہوں گے۔

پہلا ایڈیشن : 2018

© مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴۱۱۰۰۴۔
اس کتاب کے جملہ حقوق مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ کے حق میں محفوظ ہیں۔ اس کتاب کا کوئی بھی حصہ ڈائرکٹر، مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جاسکتا۔

### مضمون ریاضی کمیٹی

- ڈاکٹر منگلا نارلیکر (صدر)
- ڈاکٹر جے شری اَترے (رکن)
- شری وِنایک گوڈبولے (رکن)
- شریمتی پراجکتی گوکھلے (رکن)
- شری رما کانت سرودے (رکن)
- شری سندیپ پنچ بھائی (رکن)
- شریمتی پوجا جادھو (رکن)
- شریمتی اُجولا گوڈبولے (رکن-سکریٹری)

### مضمون ریاضی - ریاستی اسٹڈی گروپ

| | | |
|---|---|---|
| شریمتی سورنا دیشپانڈے | شری لکشمن داونکر | شری ملند بھاکرے |
| شریمتی جے شری پرندرے | شری شریکانت رتن پارکھی | شری گیانیشور ماشالکر |
| شری راجندر چودھری | شری سنیل شری واستو | شری گنیش کولتے |
| شری راما وَنیالکر | شری انصاری عبدالحمید | شری سندیش سونونے |
| شری آنا پاپریٹ | شری ملے شام بیتھی | شری سدھیر پاٹل |
| شری انصار شیخ | شری اُمیش ریلے | شری پرکاش کاپسے |
| شری شری پاد دیشپانڈے | شریمتی تروبین پوپٹ | شری رویندر کھندارے |
| شری سریش داتے | شری پرمود ٹھومبرے | شریمتی سواتی دھرمادھیکاری |
| شری بنسی ہاولے | ڈاکٹر بھارتی سہستر بدھے | شری اروند کمار تیواری |
| شریمتی روہنی شرکے | شری وَسنت شیوالے | شریمتی آریا بھڑے |
| شری پرکاش جھینڈے | شری پرتاپ کاشد | |

### مدعو ارکان

| | |
|---|---|
| شریمتی امرجا جوشی | شریمتی سورنا پوار |
| شری پردیپ پالوے | شری مہندر نیماڑے |
| شری سندیپ راوَت | شری سنتوش سونونے |
| شریمتی جے شری لیلے | شری وِجے ایک شنگے |

**Urdu Translators**
Mr. Ansari Abdul Hameed Abdul Majeed
Mr. Ansari Badrudduja Shamsudduha
Mr. Momin Alnasir Abdus Samad

**Co-ordinator (Urdu)**
**Khan Navedul Haque Inamul Haque,**
Special Officer for Urdu,
M.S. Bureau of Textbooks, Balbharati

**Co-ordinator (Marathi)**
Shrimati Ujjwala Shrikant Godbole
Incharge Special Officer for Maths

**Urdu D.T.P. & Layout**
Asif Nisar Sayyed
Yusra Graphics,
305, Somwar Peth, Pune-11.

**Cover & Designing**
Mr. Kasturi Divakar, Pune

**Production**
Shri Sachchitanand Aphale
Chief Production Officer

Shri Sanjay Kamble
Production Officer

Shri Prashant Harne
Assisstant Production Officer

**Paper**
70 GSM Cream wove
**Print Order**
N/PB/2018-19/50,000
**Printer**
RUNA GRAPHICS, PUNE

**Publisher**
**Shri Vivek Uttam Gosavi**
Controller,
M.S. Bureau of Textbook Production,
Prabhadevi, Mumbai - 25

# بھارت کا آئین

## تمہید

ہم بھارت کے عوام متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو
ایک مقتدر سماج وادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ بنائیں
اوراس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں:

**انصاف**، سماجی، معاشی اور سیاسی؛

**آزادی** خیال، اظہار، عقیدہ، دین اور عبادت؛

**مساوات** بہ اعتبارِ حیثیت اور موقع،

اور ان سب میں

**اُخوّت** کو ترقّی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتّحاد اور
سالمیت کا تیقّن ہو؛

**اپنی آئین ساز اسمبلی میں آج چھبّیس نومبر ۱۹۴۹ء کو یہ آئین
ذریعۂ ہٰذا اختیار کرتے ہیں،
وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔**

## راشٹر گیت

جَن گَن مَن – اَدِھ نایک جَیَہ ہے
بھارَت – بھاگیہ وِدھاتا۔

پَنجاب، سِندھ، گُجرات، مَراٹھا
دراوِڑ، اُتکَل، بَنگ،

وِندھیہ، ہِماچَل، یَمُنا، گنگا،
اُچّھل جَل دِھ تَرَنگ،

تَو شُبھ نامے جاگے، تَو شُبھ آشِس ماگے،
گاہے تَو جَیَہ گاتھا،

جَن گَن منگل دایَک جَیَہ ہے،
بھارَت – بھاگیہ وِدھاتا۔

جَیَہ ہے، جَیَہ ہے، جَیَہ ہے،
جَیَہ جَیَہ جَیَہ، جَیَہ ہے۔

## عہد

بھارت میرا ملک ہے۔ سب بھارتی میرے بھائی اور بہنیں ہیں۔

مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور مَیں اس کے عظیم و گوناگوں وِرثے پر فخر محسوس کرتا ہوں۔ مَیں ہمیشہ اِس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کروں گا۔

میں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزّت کروں گا اور ہر ایک سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا۔

میں اپنے ملک اور اپنے لوگوں کے لیے خود کو وقف کرنے کی قسم کھاتا ہوں۔ اُن کی بہتری اور خوش حالی ہی میں میری خوشی ہے۔

# پیش لفظ

عزیز بچّو !

پہلی جماعت میں تمھارا استقبال ہے ! نیا اسکول، نئے دوست ، نئے استاد اور نئی کتابیں تمھیں ملیں گی۔ نئی کتابیں کھول کر دیکھو۔ ریاضی کی کتاب میں بھی رنگین تصویریں، کھیل اور نظمیں ہیں۔ ان کے ذریعے ہنستے کھیلتے سیکھو۔ خوب کھیلو، ناچو، چھلانگ لگاؤ، اُچھلو، کوُدو اور پڑھائی بھی کرو۔

چیزوں کی گنتی سیکھنا ہو تو پہلے ایک سے دس اور پھر گیارہ سے بیس سلسلہ وار بولنا سیکھو۔ اس کے لیے کتاب میں دلچسپ گیت ہیں۔ اُنگلیوں کا استعمال گننے کے لیے ہوتا ہے۔ اُنگلیوں کے لیے کاغذ کی رنگین ٹوپیاں بناؤ اور کھیلو۔ کتاب میں دیے ہوئے عملی کام اور سرگرمیاں سمجھ لو۔ اس کے لیے استاد، والدین، بہن - بھائی وغیرہ کسی کی بھی مدد لو۔ آپ کے ساتھ شاہد اور رضیہ ہمجولی ہیں۔ کہیں کہیں رنگیلا ’ماہی خور‘ پرندہ بھی مدد کے لیے آئے گا۔

جمع - تفریق جیسے عمل ہمیں روزانہ کرنے ہوتے ہیں، اس لیے ان کی خوب مشق کرو۔ اس کی مشق ہونے کے لیے کتاب میں کچھ کہانیاں دی ہوئی ہیں۔ نیز کچھ تصویریں بھی دی ہوئی ہیں۔ ان کی مدد سے کہانیاں لکھنے کے لیے کہا گیا ہے۔ اس طرح کی کہانیاں تم بھی لکھو اور ان کہانیوں کی مدد سے حساب بنا کر ایک دوسرے کو حل کرنے کے لیے دو۔ اس کتاب کے چند صفحات کے آخر میں ’کیو آر کوڈ‘ دیا ہوا ہے۔ ’کیو آر کوڈ‘ کے ذریعے حاصل ہونے والی معلومات بھی تمھیں بہت پسند آئے گی۔

عددوں سے دوستی کروگے، ان کے ساتھ کھیلو گے تو تمھارے لیے ریاضی مضمون بالکل آسان ہو جائے گا۔


(ڈاکٹر سنیل مگر)
ڈائرکٹر
مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و
ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ


پونہ۔
تاریخ : ١٦/مئی ٢٠١٨ء
بھارتی سَور تاریخ : ٢٦/وَیشاکھ ١٩٤٠

# پہلی جماعت - ریاضی کے درسی ماحصل

## تجویز کردہ تدریسی عمل


**طالب علم کو انفرادی/ جوڑی میں/گروہ میں مواقع فراہم کیے جائیں اور انھیں سرگرمی انجام دینے کی ترغیب دی جائے۔**

- اطراف و اکناف کے ماحول مثلاً جماعت میں اور جماعت کے باہر مختلف حوالوں اور صورت حال کا مشاہدہ کرنا۔
- مکانی تصورات جیسے اوپر- نیچے، اندر- باہر، قریب- دور، پہلے- بعد میں، پتلا -موٹا، بڑا- چھوٹا وغیرہ کا استعمال کرنے کی ترغیب دینا۔
- قریب- دور، اونچا- بَونا، پتلا -موٹا وغیرہ پہچاننا اور تصویر کی مدد سے بتانا۔
- حقیقی اشیا/ ماڈل استعمال کرنے کے لیے دینا اور ان کی جماعت بندی کرنا مثلاً گول شکل والی اشیا جیسے روٹی، گیند وغیرہ اور گول نہ دِکھائی دینے والی اشیا جیسے پنسل، باکس وغیرہ۔
- دیے ہوئے بکس میں ۹ تک اشیا کے گروہ سے کچھ چیزیں نکالنا اور گننا جیسے ۸ پتے، ۴ موتی، ۶ آئیس کریم کی تیلیاں وغیرہ۔
- اشیا کے دیے ہوئے مجموعے میں سے ۲۰ تک کی اشیا نکالنا۔
- دو گروہوں کی اشیا کے درمیان تعلق جوڑ کر '...سے زیادہ' یا '...سے کم' یا 'برابر' جیسے الفاظ استعمال کرنا۔
- پہلے سے معلوم جمع کی مدد سے یا آگے گن کر جمع کا استعمال کرکے ۹ تک کے اعداد کی جمع کرنے کی ترغیب دینا۔
- دیے ہوئے مجموعے میں سے کچھ اشیا باہر نکال کر باقی ماندہ اشیا کو گننا۔اس طرح عمل کرکے ۱ سے ۹ تک کے ہندسوں کی تفریق کرنے کے مختلف طریقوں کو فروغ دینا۔
- جمع کے عمل کی توسیع ۲۰ تک کی جمع (حاصل جمع ۲۰ سے زیادہ نہ ہو) کرنے کے لیے اکٹھا کرنا، آگے گننا جیسے جمع کے مختلف طریقوں کا استعمال کرنا۔
- دیے ہوئے گروہ/ تصاویر سے اشیا کو نکالنے جیسے مختلف طریقوں کو فروغ دینا۔

## درسی ماحصل

**طالب علم -**

- ۱ سے ۲۰ تک کے اعداد پر عمل کرتا ہے۔
- چیزوں کی شکلوں اور ان کا چھوٹا - بڑا پن کے لحاظ سے جماعت بندی کرتا ہے۔
- چیزوں، تصاویر یا علامتوں کی مدد سے ۲۰ تک اعداد کے نام بتاتا اور شمار کرتا ہے۔
- ۱ سے ۹ تک اعداد کا استعمال کر کے چیزیں گنتا ہے۔
- ۲۰ تک کے اعداد کا موازنہ کرتا ہے جیسے جماعت میں لڑکے اور لڑکیوں میں سے کن کی تعداد زیادہ ہے، بتاتا ہے۔
- روزمرہ کاروبار میں جمع اور تفریق کے لیے ۱ سے ۲۰ تک کے اعداد استعمال کرتا ہے۔
- اشیا کا استعمال کر کے ۹ تک کے اعداد کی جمع کی تشکیل کرتا ہے۔جیسے ۳ + ۳ یعنی ۳ کے آگے ۳ مرحلہ گن کر نتیجہ اخذ کرتا ہے کہ ۶ = ۳ + ۳
- اشیا کا استعمال کر کے ۱ سے ۹ تک اعداد کا استعمال کر کے تفریق کا عمل کرتا ہے جیسے : ۹ چیزوں کے گروہ سے ۳ چیزیں الگ کرتا ہے اور باقی ماندہ چیزیں گنتا ہے اور نتیجہ اخذ کرتا ہے : ۶ = ۳ - ۹
- روزمرہ زندگی میں ۹ تک کے اعداد پر مشتمل جمع تفریق کی عبارتی مثالیں حل کرتا ہے۔
- ۹۹ تک کے اعداد کی شناخت کرتا ہے اور انھیں ہندسی صورت میں لکھتا ہے۔
- اشکال، اشیا اور اعداد کے درمیان تواتر کا مشاہدہ کرتا ہے۔تواتر کی توسیع کرتا ہے اور اسے بناتا ہے۔

 -

| درسی ماحصل | تجویز کردہ تدریسی عمل |
|---|---|
| – ۱ ,۲ ,۳ ,۴ ,۵ , ............<br>– ۱ ,۳ ,۵ , ............<br>– ۲ ,۴ ,۶ , ............<br>– ۱ ,۲ ,۳ ,۱ ,۲ , ...... ,۱ , ...... ,۳ , ......<br>• تصاویر/ اعداد کا استعمال کر کے معلومات کا ذخیرہ کرتا ہے، اندراج کرتا ہے اور تصاویر دیکھ کر آسان معطیات کا مطلب بتاتا ہے۔ جیسے کسی باغ کی تصویر میں مختلف قسم کے پھولوں کو دیکھ کر یہ نتیجہ اخذ کرتا ہے کہ اس باغ میں فلاں خاص رنگ کے پھول زیادہ ہیں۔<br>• صفر کا تصور سمجھتا ہے۔ | • ۲۰ سے بڑے اعداد کے لیے دہائیوں کے گروہ اور اکائیاں گننا مثلاً ۳۸ میں، دہائی کے ۳ گروہ اور اکائی کے ۸ خردہ ہیں۔<br>• اشیا کو استعمال کر کے یا مشاہدے کے ذریعے انھیں یکسانیت اور فرق کے لحاظ سے الگ الگ کرنا۔<br>• ۲۰ روپے تک رقم بتانے کے لیے کھیل میں رقم کا استعمال کرنا۔<br>• تواتر کے مشاہدے کے ذریعے جماعت میں بات چیت کرنا اور ان کو زبانی طور پر بیان کرنے کا موقع دینا۔ بچوں کو آگے کیا آئے گا اسے معلوم کرنے اور اس کی وضاحت کرنے کے لیے کہنا۔<br>• دِکھائی دینے والی یا حوالے میں آنے والی چیزوں کی معلومات جمع کرنا اور ان کا مشاہدہ کرنا۔ |

## اساتذہ کے لیے ہدایات

ریاضی مضمون ابتدا ہی سے طلبہ کو پسندیدہ اور دلچسپ ہونا چاہیے۔ مشکل یا ڈر والا نہیں ہونا چاہیے۔ آیئے، ہم اس کے لیے کوشش کریں۔ اس پر خاص توجہ دیں کہ کتاب میں دیے ہوئے گیت سکھاتے وقت، اُس میں دیے ہوئے کھیل کھیلتے وقت طلبہ کا تعاون، خوش دلی اور دلچسپی کے ساتھ حاصل ہو۔ چیزیں گننے کے لیے ایک سے دس اور بعد میں گیارہ سے بیس عدد ترتیب وار روانی سے بولنا آنا چاہیے۔ چھوٹی سی اس سبق آموزی کو مسرت کے ساتھ کرائیں۔ **مختلف چیزیں گننے کی زیادہ سے زیادہ مشق ہونا متوقع ہے۔** چھوٹی جمع کی مشق اُنگلیوں کی مدد سے کی جاسکتی ہے۔ کتاب میں جگہ جگہ اساتذہ کے لیے چھوٹے حروف میں ہدایات دی ہوئی ہیں۔

دو ہندسی عددوں کی پڑھائی دو طرح سے دی ہوئی ہے مثلاً ستائیس اور بیس سات، ترسٹھ اور ساٹھ تین۔ اسے زبانی یاد نہیں کرنا ہے۔ ان کے بولنے اور لکھنے کی ترتیب ایک ہی ہے۔ (بیس سات اس میں پہلے بیس کے لیے دو پھر سات) اس لیے یہ طریقہ زیادہ آسان محسوس ہوسکتا ہے۔ دونوں میں سے جس کا پڑھنا طلبہ کو زیادہ آسان محسوس ہوا سے وہ کرے تو بہتر ہے۔



# فہرست

## پہلا حصّہ


- چھوٹا - بڑا ........ ۱
- پیچھے - آگے ........ ۲
- اُوپر - نیچے ........ ۳
- پہلے - بعد میں ........ ۴
- ایک - کئی ........ ۵
- فرق پہچانو ........ ۶
- ۱ کی پہچان اور لکھنا ........ ۷
- ۲ کی پہچان اور لکھنا ........ ۸
- ۳ کی پہچان اور لکھنا ........ ۹
- ۴ کی پہچان اور لکھنا ........ ۱۰
- ۵ کی پہچان اور لکھنا ........ ۱۱
- ۶ کی پہچان اور لکھنا ........ ۱۳
- ۷ کی پہچان اور لکھنا ........ ۱۴
- ۸ کی پہچان اور لکھنا ........ ۱۵
- ۹ کی پہچان اور لکھنا ........ ۱۶
- ۰ کی پہچان اور لکھنا ........ ۲۱
- کم - زیادہ ........ ۲۴
- چڑھتی - اُترتی ترتیب ........ ۲۶
- آؤ، جمع کریں ........ ۲۷
- آؤ، تفریق سیکھیں ........ ۳۲
- ۱۰ کی پہچان اور لکھنا ........ ۳۸
- آؤ، دہائی سمجھیں ........ ۳۹
- ۱۱ سے ۲۰ تک کی پہچان اور لکھنا ........ ۴۰
- دہائی کی چھلانگ ........ ۴۶
- سکّے-نوٹ ........ ۴۷



## دوسرا حصّہ


- ۲۱ سے ۳۰ تک کی پہچان اور لکھنا ........ ۴۹
- ۳۱ سے ۴۰ تک کی پہچان اور لکھنا ........ ۵۰
- ۴۱ سے ۵۰ تک کی پہچان اور لکھنا ........ ۵۲
- ۵۱ سے ۶۰ تک کی پہچان اور لکھنا ........ ۵۳
- ۶۱ سے ۷۰ تک کی پہچان اور لکھنا ........ ۵۴
- ۷۱ سے ۸۰ تک کی پہچان اور لکھنا ........ ۵۵
- ۸۱ سے ۹۰ تک کی پہچان اور لکھنا ........ ۵۶
- ۹۱ سے ۹۹ تک کی پہچان اور لکھنا ........ ۵۷
- سیکڑہ کی پہچان اور لکھنا ........ ۵۹
- جمع : ۲۰ تک کی ........ ۶۰
- جمع : آگے گن کر ........ ۶۱
- تواتر ........ ۶۲
- اندر-باہر، چوڑا-کم چوڑا ........ ۶۳
- آؤ، شکل پہچانیں ........ ۶۴
- لمبا - کم لمبا ........ ۶۵
- سب سے زیادہ لمبا - سب سے کم لمبا ........ ۶۶
- اُونچا - بَونا ........ ۶۷
- سب سے اُونچا - سب سے بَونا ........ ۶۸
- بھاری - ہلکا ........ ۶۹
- دُور - نزدیک ........ ۷۰
- دایاں - بایاں ........ ۷۱
- کم وقت - زیادہ وقت ........ ۷۲
- کس کے بعد کیا؟ ........ ۷۳
- آؤ، گنتی گنیں ........ ۷۴
- ہفتے کے دن ........ ۷۵

# چھوٹا بڑا





چھوٹی گھڑی کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔


☐ ☐

بڑی گاڑی کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔





☐ ☐




چھوٹے برتن کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔

☐ ☐

بڑی گیند کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔




☐ ☐


# پیچھے آگے



پردے کے پیچھے چھُپے ہوئے بچّے کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔




آگے آئے ہوئے جھُولے کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔




اسٹمپ کے آگے کھڑی لڑکی کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔

# اُوپر نیچے





درخت کے نیچے بیٹھے ہوئے بندر کے گرد ◯ بناؤ۔



پُل کے اُوپر کی گاڑی کے گرد ◯ بناؤ۔



بَلب کے نیچے رکھی چیز کے گرد ◯ بناؤ۔

# پہلے — بعد میں



ماں نے **پہلے** روٹی بنائی۔



**بعد میں** سینکی۔



رضیہ نے **پہلے** پیر کے موزے پہنے۔



**بعد میں** جوتے پہنے۔




شاہد **پہلے** ہیلمٹ پہنتا ہے۔




**بعد میں** سائیکل چلاتا ہے۔


# ایک - کئی



ایک چیز کے گرد ◯ بناؤ۔


کئی چیزوں کے گرد ◯ بناؤ۔





ایک چیز کے گرد ◯ بناؤ۔

کئی چیزوں کے گرد ◯ بناؤ۔



# فرق پہچانو

دونوں تصویروں کو غَور سے دیکھو۔ ان میں فرق پہچانو اور بتاؤ۔



# ا کی پہچان اور لکھنا

ایک



ا

ایک





ا

طوطے کی ہے چونچ ایک
سالگرہ ہے، کھاؤ کیک



ایک تصویر بناؤ۔

ایک  بناؤ اور اس میں رنگ بھرو۔

ایک  بناؤ اور اس میں رنگ بھرو۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| ا | | | | | |



# ۲ کی پہچان اور لکھنا

ایک اور ایک دو




**۲**

دو

خرگوش کے ہیں کان دو
فقیر آیا، پیسا دو

**۲**





دو تصویریں بناؤ۔

دو ☐ بناؤ۔


دو ◯ بناؤ۔



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲ | ۲ | ۲ | ۲ | ۲ | ۲ |
| | | | | | ۲ |

# ۳ کی پہچان اور لکھنا

دو اور ایک تین



۳


تین




رِکشا کے ہیں پہیے تین
سپیرا دیکھو بجائے بین

تین موتی بناؤ۔

تین میں رنگ بھرو۔ تین میں رنگ بھرو۔ تین میں رنگ بھرو۔



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳ | ۳ | ۳ | ۳ | ۳ | ۳ |
| ۳ | | | | | |




# ۴ کی پہچان اور لکھنا

تین اور ایک چار



۴


چار




گاڑی کے ہیں پہیے چار
کھاؤ کھٹّا میٹھا اچار

چار موتی بناؤ۔

چار میں رنگ بھرو۔ چار میں رنگ بھرو۔ چار میں رنگ بھرو۔








# ۵ کی پہچان اور لکھنا

چار اور ایک پانچ



۵


پانچ






ہاتھ کی ہیں اُنگلیاں پانچ

مور نے خوب دِکھایا ناچ



پانچ موتی بناؤ۔

پانچ میں رنگ بھرو۔ پانچ میں رنگ بھرو۔ پانچ میں رنگ بھرو۔



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| ۵ | | | | | |




برائے اساتذہ


## عددوں کے گیت اور اُنگلیوں کی ٹوپیاں

رنگین کاغذ کی تقریباً ۵ سم قطر کی گول ٹکیاں کاٹ کر ہر ایک کے تین مساوی حصّے کیجیے۔ چکٹ پٹّی کے ٹکڑے کی مدد سے ہر ٹکڑے کی ٹوپی بنائیے۔ ٹوپی بنانے کے دوران طلبہ کا تعاون حاصل کیجیے۔ اُنگلیوں پر ٹوپیاں پہنانے سے بچّوں کو لطف آئے گا۔ وہ ٹوپیاں ایک دوسرے سے تبدیل کر سکتے ہیں۔

بعد میں نیچے دیا ہوا گیت تال پر گانا سکھائیے۔ ایک سے دس عدد لگاتار بولنا سیکھنے کے بعد ہی چیزیں گننا ممکن ہو سکتا ہے۔ گیت کے ذریعے ایک سے دس تک عدد لگاتار بولنے کی مشق ہو گی۔



ایک دو، تین، چار، پانچ، چھے، سات، آٹھ، نَو
دیکھو دیکھو اُنگلیاں ہیں دس
آؤ گِنیں ہر ایک کو، بار بار گِنیں
پھر بھی دیکھو اُنگلیاں ہیں دس



ہر ایک کے سر پر سجائیں، ایک ایک ٹوپی
لال، پیلی، نیلی جامنی یا پھر سفید سب سے بھلی

کتنی ٹوپیاں درکار ہیں، سب کو بھلا، کہہ دو یہ بس
اُنگلیاں ہیں جتنی، ٹوپیاں ہیں اتنی، یعنی تب بھی ہیں دس

7NVHHS





# ٦ کی پہچان اور لکھنا

پانچ اور ایک چھے

٦

چھے







چھے ہی ہیں جھینگر کے پَیر
چلو باغ میں کرنے سَیر



چھے موتی بناؤ۔



دھاگا چیزوں کے گرد اس طرح رکھو کہ اس کے گھیرے میں چھے چیزیں آ جائیں۔








| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦ | ٦ | ٦ | ٦ | ٦ | ٦ |
| | | | | | ٦ |

# ۷ کی پہچان اور لکھنا

چھے اور ایک سات






۷

سات




دھنک میں ہیں رنگ سات
شام کے بعد آتی ہے رات



سات موتی بناؤ۔


دھاگا چیزوں کے گرد اس طرح رکھو کہ اس کے گھیرے میں سات چیزیں آ جائیں۔



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۷ | ۷ | ۷ | ۷ | ۷ | ۷ |
| | | | | | ۷ |




# ۸ کی پہچان اور لکھنا



۸

آٹھ

سات اور ایک آٹھ




چھتری کی ہیں تیلیاں آٹھ
مُنّے کے تم دیکھو ٹھاٹ



آٹھ موتی بناؤ۔



دھاگا چیزوں کے گرد اس طرح رکھو کہ اس کے گھیرے میں سات چیزیں آ جائیں۔





| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۸ | ۸ | ۸ | ۸ | ۸ | ۸ |
| | | | | | ۸ |


# ۹ کی پہچان اور لکھنا






آٹھ اور ایک نَو

۹
نَو






گھڑی میں دیکھو بج گئے نَو
اناج اچھّا سب سے جَو



نَو موتی بناؤ۔

دھاگا چیزوں کے گرد اس طرح رکھو کہ اس کے گھیرے میں سات چیزیں آ جائیں۔





| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۹ | ۹ | ۹ | ۹ | ۹ | ۹ |
| ۹ | | | | | |




# ایک سے نو تک کی مشق


ا ، ٢ ، ٣ ، ۴ ، ۵ ، ٦ ، ٧ ، ٨ ، ٩ عددی علامتیں ہیں۔ ان کو ہندسہ کہتے ہیں۔
ہندسہ لکھنے کی مشق کرو۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | | | | | | | | | |
| ٢ | | | | | | | | | |
| ٣ | | | | | | | | | |
| ۴ | | | | | | | | | |
| ۵ | | | | | | | | | |
| ٦ | | | | | | | | | |
| ٧ | | | | | | | | | |
| ٨ | | | | | | | | | |
| ٩ | | | | | | | | | |


ترتیب وار عددوں کی جھنڈیاں۔ خالی جگہ میں مناسب عدد لکھو۔




گِنو اور صحیح عدد کے گرد ⬭ بناؤ۔




۸ ۷ ۷ ۳




۵ ۳ ۷ ۴




۶ ۹ ۷ ۸



۵ ۳ ۲ ۴



۶ ۹ ۸ ۷



۳ ۴ ۵ ۲

# گِنو اور لکھو



رِکشے کے پہیے

کتنے؟ ◯




دھنک کے رنگ

کتنے؟ ◯



پرندے کے پَر

کتنے؟ ◯



سدا بہار پھول کی
پنکھڑیاں کتنی؟ ◯



جھینگر کے پیر

کتنے؟ ◯



تختی کے کونے

کتنے؟ ◯



کپ کے کان

کتنے؟ ◯



آکٹوپس (ہشت پا) کے پیر

کتنے؟ ◯



● گن کر لکھو۔


| عدد | | تصویر |
|---|---|---|
| لفظوں میں | ہندسوں میں | |
| ایک | ۱ | ● |
| دو | | ●● |
| تین | | ●●● |
| چار | | ●●●● |
| پانچ | | ●●●●● |

| عدد | | تصویر |
|---|---|---|
| لفظوں میں | ہندسوں میں | |
| چھے | | ●●●●●● |
| سات | | ●●●●●●● |
| آٹھ | | ●●●●●●●● |
| نو | | ●●●●●●●●● |

# تصویر کو غور سے دیکھو۔



چیزیں گن کر ان کی تعداد ◯ میں لکھو۔




7P5DYF

# صفر کی پہچان اور لکھنا


صفر • اس طرح لکھتے ہیں۔




بس کے لیے ☐ مسافر کھڑے ہیں۔



☐ مسافر بس میں چلے گئے۔
باقی صفر مسافر رہ گئے۔



سفید ساسر میں ☐ لڈّو ہیں۔



گلابی ساسر میں لڈّو نہیں ہیں۔
یعنی اس میں ☐ لڈّو ہیں۔

**برائے اساتذہ**

ایک ٹن کا ڈبا لیجیے۔ اس ڈبے میں کنکر ڈالیے اور ڈبا ہلائیے۔ ڈبے سے آنے والی آواز بچوں کو سننے دیجیے۔ بعد میں ڈبے سے کنکر نکال لیجیے۔ دوبارہ ڈبا ہلائیے۔ ڈبے سے آواز کیوں نہیں آئی؟ بچوں سے پوچھیے۔ ایک بھی کنکر نہیں یعنی صفر اسے ذہن نشین کرائیے۔


7PEA13

**صفر یعنی کچھ نہیں۔**

## آؤ، تتلیاں گنیں۔




کیا شاہد کی گنتی صحیح ہے؟




کیا رضیہ کی گنتی صحیح ہے؟

ان کو گننے میں مدد کرنے
کے لیے جادوگر ماہی خور آیا۔
تتلیوں سے اس نے کہا
سب مل کر ایک قطار بناؤ۔





کیا اب گننا آسان ہوا؟
کتنی تتلیاں ہیں؟

میدان میں کھیل رہے بچوں کو گننا مشکل ہے لیکن اگر وہ ایک قطار میں کھڑے ہوجائیں تو کیا انھیں گننا آسان ہوجائے گا؟


**برائے اساتذہ** مذکورہ بالا نکات پر بچوں کے درمیان بات چیت کروایئے۔

۱ سے ۹ تک عدد نیچے لکھے ہوئے طریقے سے ترتیب وار لکھے جاتے ہیں۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ |




شاہد نے عدد اور تصویر کی جوڑی لگائی ہے۔ باقی جوڑیاں تم لگاؤ۔




رضیہ کو ۱ سے ۹ تک ترتیب لگانے میں مدد کرو۔





### تھوڑی سی تفریح...


اپنا نام انگریزی میں لکھو۔ اس میں کتنے حرف ہیں؟ دوست/سہیلی کے نام میں کتنے حرف ہیں؟ سب سے زیادہ حرف کس کے نام میں ہیں؟ ۵ حرفوں والا نام کون سا ہے؟


# کم زیادہ







زیادہ بچّوں کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔





کم ناؤ کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔






زیادہ پرندوں کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔

# ایک سے ایک کی جوڑی


ناؤ کی ایک سے ایک کی جوڑی لگاؤ۔




لکیر کے ذریعے ایک سے ایک کی جوڑی لگانے کے بعد گروہ الف میں ناؤ ختم ہو گئیں لیکن گروہ ب میں ناؤ بچ گئیں۔ گروہ ب میں ناؤ زیادہ ہیں۔

**ایک سے ایک کی جوڑی کے ذریعے کم زیادہ طے کر سکتے ہیں۔**

الف اور ب گروہ کی ناؤوں کے درمیان ایک سے ایک کی جوڑی لگاؤ اور دیکھو۔




کون سے گروہ کی ناؤ ختم ہو گئیں؟

جس گروہ میں ناؤ کم ہیں اس کے نیچے کے چوکون میں رنگ بھرو۔



**آؤ، سمجھ لیں...**


زیادہ ناؤ ہونے کی وجہ سے لکیر کے ذریعے ایک سے ایک کی جوڑی جوڑنے سے کم ناؤ اور اسی طرح زیادہ ناؤ کی شناخت آسان ہو جاتی ہے۔

# چڑھتی اُترتی ترتیب

رضیہ کے ساتھ پانسے گنو۔

اس تعداد کو تصویر کے نیچے لکھو۔

تعداد کے برابر پانسوں کا مینار بناؤ۔




( ) ( ) (٣) ( ) ( ) (٦) ( ) (٨) ( )

ہم نے ١ سے ٩ تک عدد چڑھتی ترتیب میں سیکھے۔

ان عددوں کو اُلٹی ترتیب میں یعنی اُترتی ترتیب میں لکھ سکتے ہیں۔

اُترتی ترتیب میں لکھے ہوئے عدد دیکھو۔

→ ٧ ٦ ٥ ٤ ٣



چڑھتی ترتیب میں لکھو۔

→ ٥ ___ ___ ___ ___

اُترتی ترتیب میں لکھو۔

→ ٩ ___ ___ ___ ___

7PN62Q


# آؤ، جمع کریں





رضیہ کے پاس ۱ پانسا ہے۔ شاہد کے پاس ۱ پانسا ہے۔

دونوں کے ملا کر ۲ پانسے ہو گئے۔


دو عددوں کو ملانے کے لیے یعنی اُن کی جمع کرنے کے لیے + علامت استعمال کرتے ہیں۔ اسے 'جمع' پڑھتے ہیں۔ علامت = برابری دِکھانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ اس کو 'برابر' پڑھتے ہیں۔




7PX24D

جمع کی گاڑی دیکھو۔




کیا جمع بتانے کے لیے مزید الفاظ ہیں؟ جیسے یکجا کرنا، ..........................................

..........................................................................................

عدد کے مطابق موتی بناؤ اور جمع کرو۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲ | + | ۳ |

تصویریں گنو اور جمع کرو۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | = | ۵ | + | ۳ |
| آٹھ | برابر | پانچ | جمع | تین |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | = | ۳ | + | ۴ |


| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | = | ۴ | + | ۵ |


| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | = | ۴ | + | ۴ |

# صفر ملانا


جمع کرتے ہوئے عدد لکھو اور مناسب تصویریں بناؤ۔



۲ + ۰ = ۲



۳ + ۰ = ___



۱ + ۰ = ___



۵ + ___ = ___

آؤ، جمع کی مشق کریں۔

۴ + ۱ = ___

۳ + ۵ = ___

| |
|---|
| ۶ |
| + ۲ |
| ___ |

| |
|---|
| ۷ |
| + ۰ |
| ___ |

۵ + ___ = ۷

۸ + ___ = ۹

۲ + ___ = ۵

___ + ___ = ۸



پڑھو اور حل کرو۔

- جلیل کے پاس ٦ کھریا ہیں۔ حامد نے اس کو ۳ کھریا اور دیے تو اب جلیل کے پاس کُل کتنے کھریا ہو گئے؟

| | |
|---|---|
| جلیل کے کھریا | ٦ |
| حامد کے کھریا | + ۳ |
| کُل کھریا | ۹ |

- سمیر کے پاس ۴ بادام اور نیہا کے پاس ۴ بادام ہیں تو دونوں کے بادام ملا کر کُل کتنے بادام ہوں گے؟

| | |
|---|---|
| سمیر کے بادام | ۴ |
| نیہا کے بادام | + ۴ |
| کُل بادام | |


- جوزف کے پاس ۷ پھؤل ہیں اور ایڈیسن کے پاس ۲ پھؤل ہیں تو دونوں کے پھؤل ملا کر کُل کتنے پھؤل ہوں گے؟

| | |
|---|---|
| جوزف کے پاس پھؤل | |
| ایڈیسن کے پاس پھؤل | |
| کُل پھؤل | |


- ضیا کے پاس ۵ موتی ہیں اور پرمیت کے پاس ۳ موتی ہیں تو دونوں کے موتی ملا کر کُل کتنے موتی ہیں؟

| | |
|---|---|
| ضیا کے پاس موتی | |
| پرمیت کے پاس موتی | |
| کُل موتی | |

درمیانی دائرے میں دیے ہوئے عدد کے برابر جواب والی پھول کی پتیوں میں رنگ بھرو۔





تتلیوں پر دیے ہوئے عددوں کی جمع کر کے مناسب پھول سے جوڑو۔




7Q6X61

# آؤ، تفریق سیکھیں






شاہد کے پاس ۳ جامن تھے۔ ۲ جامن اس نے رضیہ کو دیے۔ اب شاہد کے پاس کتنے جامن باقی رہے؟



۳ - ۲ = ۱


اب یہ تصویر دیکھو۔




ندی کے کنارے پانچ مینڈک بیٹھے تھے۔ ایک مینڈک نے پانی میں چھلانگ لگا دی۔ اب ندی کے کنارے کتنے مینڈک باقی بچے؟ انھیں گنو۔

| |
|---|
| ۵ |
| − ۱ |
| |

۵ - ۱ = ☐





یہ تمھارے دوست/سہیلی کی بنائی ہوئی تصویریں ہیں۔ ان کی کہانی تم بتاؤ۔ تم بھی ایسی ہی تصویریں بنا کر کیا اپنے دوست/سہیلی کو کہانی بنانے کے لیے کہہ سکتے ہو؟




ایک عدد سے دوسرا عدد کم کرنے کے لیے، یعنی تفریق کرنے کے لیے '–' علامت استعمال کرتے ہیں۔ اسے 'تفریق' پڑھتے ہیں۔




تصویریں دیکھو اور چوکون میں عدد لکھو۔



۳ – ۱ = ☐



۴ – ۲ = ☐



۵ – ۲ = ☐



☐ – ☐ = ☐

7QFT7N

# کہانی وڑے کی

اَمّی نے ڈبّے میں ٦ وڑے رکھے۔ اَمّی ترکاری لانے بازار گئی۔ رضیہ اسکول سے گھر آئی۔ اس نے ڈبّا کھول کر دیکھا۔ ڈبّے میں اسے ٦ وڑے دِکھائی دیے۔ رضیہ کے منہ میں پانی بھر آیا۔ اس نے اس میں سے ٢ وڑے کھا لیے۔ گھر آ کر اَمّی نے ڈبا کھولا تو اس میں چار ہی وڑے تھے۔

اَمّی : رضیہ، کیا تم نے ٢ وڑے کھائے ؟

رضیہ : اَمّی ، میں نے تو ١ ہی وڑا کھایا۔

اَمّی : رضیہ، کیا تم سچ بول رہی ہو؟

رضیہ : اَمّی ، مجھے وڑا بہت پسند آیا اس لیے میں نے ایک اور کھا لیا۔

اَمّی : شاباش ! رضیہ تم نے سچ کہا۔ لو ایک وڑا اور لو اور یہ ایک وڑا اپنے ابّو کو دے دو۔ ایک وڑا دادی کو دو اور یہ ایک وڑا میں کھاتی ہوں۔

کہانی پسند آئی ؟ اب بتاؤ تو بھلا !

١۔ اَمّی نے ڈبّے میں کتنے وڑے رکھے تھے؟ ☐

٢۔ رضیہ نے کتنے وڑے کھائے ؟ ☐

٣۔ اَمّی نے رضیہ کو سچ بولنے کے انعام میں کتنے وڑے دیے؟ ☐

٤۔ رضیہ نے دادی اور ابّو کو ملا کر کتنے وڑے دیے؟ ☐

٥۔ اَمّی نے کتنے وڑے کھائے ؟ ☐

٦۔ آخر میں ڈبّے میں کتنے وڑے باقی بچے ؟ ☐

**خالی چوکون میں مناسب عدد لکھو۔**

٥ - ٣ = ☐

٢ - ١ = ☐

٨ - ٢ = ☐

٩ - ٥ = ☐

٦ - ☐ = ١

٧ - ٣ = ☐

٩ - ☐ = ٩

☐ - ☐ = ٨



## پڑھو اور حل کرو۔

- نغمہ کے پاس ۵ بیر تھے۔اس نے ۳ بیر سلمہ کو دیے۔اب نغمہ کے پاس کتنے بیر باقی بچے؟

| | |
|---|---|
| نغمہ کے پاس بیر | ۵ |
| سلمہ کو دیے گئے بیر | − ۳ |
| نغمہ کے پاس باقی بچے بیر | □ |

- ٹوکری میں ۹ آم تھے۔ بھائی نے اس میں سے ۶ آم دوستوں کو کھانے کے لیے بانٹ دیے۔ اب ٹوکری میں کتنے آم باقی بچے؟

| | |
|---|---|
| ٹوکری میں آم | ۹ |
| بانٹے گئے آم | − □ |
| باقی بچے آم | |


- سمیرہ کے پاس ۳ پنسلیں تھیں۔سمیرہ نے ۱ پنسل سہیلی کو دی تو سمیرہ کے پاس کتنی پنسلیں باقی بچیں؟

| | |
|---|---|
| سمیرہ کے پاس پنسلیں | □ |
| سہیلی کو دی گئی پنسل | □ |
| باقی بچی پنسلیں | □ |

- ڈبّے میں ۴ لڈّو تھے۔اس میں سے ۱ لڈّو گُرمیت نے کھایا تو اب ڈبّے میں کتنے لڈّو باقی بچے؟

| | |
|---|---|
| ڈبّے میں موجود لڈّو | □ |
| گُرمیت نے کھائے لڈّو | □ |
| ڈبّے میں باقی بچے لڈّو | □ |


اپنے ساتھیوں کی تختی پر تفریق کرو۔






7QPP9B

# ۱۰ کی پہچان اور لکھنا

نو اور ایک دس۔







ایک سے نو، نئی علامتیں سب کو
اور نقطہ صفر کو
نہیں چاہیے علامتیں نئی اب، دِکھائیں گے اعداد انھی سے سب
علامت نہیں ہے دس کے لیے، پھر کیسے لکھیں گے دس،
اس طرح لکھیں گے ۱۰ !




| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۰ | ۱۰ | ۱۰ | ۱۰ | ۱۰ | ۱۰ | ۱۰ |
| | | | | | | |
| | | | | | | |

# آؤ، دہائی سمجھیں




ایک ایک کر کے جمع ہوئے دس، باندھ لو ان کا گٹھا بس۔
رکھو اس کو بائیں جانب، یاد رکھو نام ہے اس کا دہائی۔
الگ الگ تھے تب تھے وہ اکائی
بائیں جانب ہے دہائی، صفر کا مقام ہے اکائی





اکائی صفر    دہائی ۱


## آؤ، سمجھ لیں...






اکائی صفر    دہائی ۱






اکائی صفر    دہائی ۱

اس میں ایک گٹھا بائیں جانب ہے۔ وہ ہے دہائی۔
دہائی یعنی ایک ساتھ دس اکائی۔ اکائی باقی بچا نہیں یعنی
اس کے مقام پر ۰ لکھا۔ ۱۰ میں ۱ دہائی اور ۰ اکائی۔
اس لیے عدد دس کو علامت ۱۰ لکھتے ہیں۔


| اکائی | دہائی |
|---|---|
| ۰ | ۱ |

7QYKAY


**برائے اساتذہ**

گٹھے کی بجائے ۱۰ پانسوں کا مینار بنایا جاسکتا ہے یا ۱۰ موتیوں کا ہار بنایا جاسکتا ہے۔
اس کی مدد سے بھی دہائی کا تصور واضح ہوسکتا ہے۔

# ۱۱ سے ۲۰ تک کی پہچان اور لکھنا





دس اور ایک ہوتے ہیں گیارہ



۱۱

گیارہ




ایک دہائی

ایک اکائی




| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۱۱ | ۱۱ | ۱۱ | ۱۱ | ۱۱ |
| | | | | | |
| | | | | | |




## ۱۲

بارہ




ایک دہائی    دو اکائی

گیارہ اور ایک ہوتے ہیں بارہ








| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲ | ۱۲ | ۱۲ | ۱۲ | ۱۲ | ۱۲ |
| | | | | | |
| | | | | | |


## ۱۳

تیرہ




ایک دہائی    تین اکائی

بارہ اور ایک ہوتے ہیں تیرہ









| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۳ | ۱۳ | ۱۳ | ۱۳ | ۱۳ | ۱۳ |
| | | | | | |
| | | | | | |


## ۱۴

چَودہ




تیرہ اور ایک ہوتے ہیں چَودہ







| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۴ | ۱۴ | ۱۴ | ۱۴ | ۱۴ | ۱۴ |
| | | | | | |
| | | | | | |





## ۱۵

پندرہ




چَودہ اور ایک ہوتے ہیں پندرہ








| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۵ | ۱۵ | ۱۵ | ۱۵ | ۱۵ | ۱۵ |
| | | | | | |
| | | | | | |



## ١٦


سولہ






چھے اکائی ایک دہائی

پندرہ اور ایک ہوتے ہیں سولہ







| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٦ | ١٦ | ١٦ | ١٦ | ١٦ | ١٦ |
| | | | | | |
| | | | | | |



## ١٧


سترہ






سات اکائی ایک دہائی

سولہ اور ایک ہوتے ہیں سترہ






| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٧ | ١٧ | ١٧ | ١٧ | ١٧ | ١٧ |
| | | | | | |
| | | | | | |




# ۱۸


اٹھارہ



آٹھ اکائی　　ایک دہائی

سترہ اور ایک ہوتے ہیں اٹھارہ






| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۸ | ۱۸ | ۱۸ | ۱۸ | ۱۸ | ۱۸ |
| | | | | | |
| | | | | | |




# ۱۹


اُنّیس



نو اکائی　　ایک دہائی

اٹھارہ اور ایک ہوتے ہیں اُنّیس






| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۹ | ۱۹ | ۱۹ | ۱۹ | ۱۹ | ۱۹ |
| | | | | | |
| | | | | | |





44

اُنیس اور ایک ہوتے ہیں بیس



**۲۰**

بیس




ایک دہائی     دس اکائی

نو سے بڑا کوئی ہندسہ نہیں ہے اس لیے اکائی کے مقام پر دس اکائی جمع ہو جائے تو اس کا گٹھا باندھ کر بائیں جانب رکھیں گے۔ پھر دہائی کے مقام پر دو دہائیاں ہوگئیں۔ اکائی کے مقام پر کچھ نہیں باقی بچا اس لیے صفر رکھیں گے۔




| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۰ | ۲۰ | ۲۰ | ۲۰ | ۲۰ | ۲۰ |
| | | | | | |
| | | | | | |





اکائی ۰ دہائی ۲



اکائی ۰ دہائی ۲

گیارہ بارہ گیارہ بارہ
تیرہ چَودہ تیرہ چَودہ
پندرہ سولہ پندرہ سولہ
سترہ اٹھارہ سترہ اٹھارہ
اُنّیس بیس اُنّیس بیس









آسمان میں نکلا تارا
آم کا دیکھو نکلا پَودا
آؤ، کھائیں برف کا گولا
آیا مداری لے کے پِٹارا
چکّی والے آٹا پیس

**برائے اساتذہ**

گیارہ سے بیس عددوں کو سلسلہ وار بولنا سکھائیے۔ اس کے لیے اس گیت کا استعمال ہوگا۔ سلسلہ وار عددوں کا بولنا آجائے تو بعد میں بیس تک گننا آسان ہو جاتا ہے۔

# دہائی کی چھلانگ

## آؤ، سمجھ لیں ...

| | | | |
|---|---|---|---|
| بیس | ۲۰ | دو دہائی |  |
| تیس | ۳۰ | تین دہائی |  |
| چالیس | ۴۰ | چار دہائی |  |
| پچاس | ۵۰ | پانچ دہائی |  |
| ساٹھ | ٦۰ | چھے دہائی |  |
| ستّر | ۷۰ | سات دہائی |  |
| اسّی | ۸۰ | آٹھ دہائی |  |
| نوّے | ۹۰ | نو دہائی |  |

7R8GCL

# سکّے - نوٹ



۱۰ روپے | ۵ روپے | ۲ روپے | ۱ روپیا



بیس روپے | دس روپے | پانچ روپے | دو روپے | ایک روپیا

جتنے روپے چاہیے اتنے روپے کیسے دیں گے؟

۲ روپے


۴ روپے


۵ روپے


۱۰ روپے



۲۰ روپے


غور کرو۔
اتنے ہی روپے اور کس کس طرح سے دیے جاسکتے ہیں؟

ذیل میں دی ہوئی چیزیں خریدنے کے لیے کون کون سے سکّے یا نوٹ دیں گے؟

| چیز | چیز کی قیمت | سکّے/نوٹ |
|---|---|---|
|  | ۳ روپے | |
|  | ۱۲ روپے | |
|  | ۱۸ روپے | |

سکّے-نوٹ دیکھ کر چیز کی قیمت طے کرو۔

| چیز | سکّے | چیز کی قیمت |
|---|---|---|
|  |  | |
|  |  | |
|  |  | |

پڑھو اور جواب لکھو۔

۱۔ میتھی کی ایک گڈّی ۱۰ روپے میں ملتی ہے۔اس کے لیے ۵ روپے کے کتنے سکّے دیں گے؟ ☐

۲۔ دو روپے کے ۳ سکّے دے کر ایک پنسل خریدی تو ایک پنسل کی قیمت کتنی ہے؟ ☐

۳۔ ۱۰ روپے کی ایک موم بتّی اور ۱ روپے کی ایک ماچس کی ڈبیا خریدی تو کتنے روپے دیں گے؟ ☐

۴۔ اظہر نے ۱۰ روپے کے ایک نوٹ اور ۱۰ روپے کا ایک سکّہ دے کر ایک بیاض خریدی تو ایک بیاض کی قیمت کتنی ؟ ☐

# ۲۱ سے ۳۰ تک کی پہچان اور لکھنا

## آؤ، سمجھ لیں ...











| | | | | اکائی | دہائی |
|---|---|---|---|---|---|
| اِکیس | ۲۱ | بیس اور ایک | دو دہائی ایک اکائی | ۱ | ۲ |
| بائیس | ۲۲ | بیس اور دو | دو دہائی دو اکائی | ۲ | ۲ |
| تیئیس | ۲۳ | بیس اور تین | دو دہائی تین اکائی | ۳ | ۲ |
| چوبیس | ۲۴ | بیس اور چار | دو دہائی چار اکائی | ۴ | ۲ |
| پچیس | ۲۵ | بیس اور پانچ | دو دہائی پانچ اکائی | ۵ | ۲ |
| چھبیس | ۲۶ | بیس اور چھے | دو دہائی چھے اکائی | ۶ | ۲ |
| ستائیس | ۲۷ | بیس اور سات | دو دہائی سات اکائی | ۷ | ۲ |
| اٹھائیس | ۲۸ | بیس اور آٹھ | دو دہائی آٹھ اکائی | ۸ | ۲ |
| اُنتیس | ۲۹ | بیس اور نو | دو دہائی نو اکائی | ۹ | ۲ |
| تیس | ۳۰ | تیس | تین دہائی | ۰ | ۳ |

ترتیب وار عددوں کی جھنڈیاں۔
خالی جگہ میں مناسب عدد لکھو۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | ۲۲ | | | ۲۵ | | | ۲۸ | | |

# ۳۱ سے ۴۰ تک کی پہچان اور لکھنا

آ ؤ، سمجھ لیں ...


| | | | | اکائی | دہائی | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اکتیس | ۳۱ | تیس اور ایک | تین دہائی ایک اکائی | ۱ | ۳ |  |
| بتّیس | ۳۲ | تیس اور دو | تین دہائی دو اکائی | ۲ | ۳ |  |
| تینتیس | ۳۳ | تیس اور تین | تین دہائی تین اکائی | ۳ | ۳ |  |
| چونتیس | ۳۴ | تیس اور چار | تین دہائی چار اکائی | ۴ | ۳ |  |
| پینتیس | ۳۵ | تیس اور پانچ | تین دہائی پانچ اکائی | ۵ | ۳ |  |
| چھتّیس | ۳۶ | تیس اور چھے | تین دہائی چھے اکائی | ۶ | ۳ |  |
| سینتیس | ۳۷ | تیس اور سات | تین دہائی سات اکائی | ۷ | ۳ |  |
| اَڑتیس | ۳۸ | تیس اور آٹھ | تین دہائی آٹھ اکائی | ۸ | ۳ |  |
| اُنتالیس | ۳۹ | تیس اور نو | تین دہائی نو اکائی | ۹ | ۳ |  |
| چالیس | ۴۰ | چالیس | چار دہائی | ۰ | ۴ |  |

ترتیب وار عددوں کی جھنڈیاں۔

خالی جگہ میں مناسب عدد لکھو۔



عددوں کے نقطے سلسلہ وار جوڑو اور آسمان میں اُڑو۔








دیے ہوئے عدد کے بعد میں فوری آنے والے دو عدد لکھو۔














بیچ کا عدد لکھو۔




دیے ہوئے عدد سے پہلے فوری آنے والے دو عدد لکھو۔



آ ؤ، سمجھ لیں ...










| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اکتالیس | ۴۱ | چالیس اور ایک | چار دہائی ایک اکائی | اکائی<br>۱ | دہائی<br>۴ |  |
| بیالیس | ۴۲ | چالیس اور دو | چار دہائی دو اکائی | ۲ | ۴ |  |
| تینتالیس | ۴۳ | چالیس اور تین | چار دہائی تین اکائی | ۳ | ۴ |  |
| چوالیس | ۴۴ | چالیس اور چار | چار دہائی چار اکائی | ۴ | ۴ |  |
| پینتالیس | ۴۵ | چالیس اور پانچ | چار دہائی پانچ اکائی | ۵ | ۴ |  |
| چھیالیس | ۴۶ | چالیس اور چھے | چار دہائی چھے اکائی | ۶ | ۴ |  |
| سینتالیس | ۴۷ | چالیس اور سات | چار دہائی سات اکائی | ۷ | ۴ |  |
| اَڑتالیس | ۴۸ | چالیس اور آٹھ | چار دہائی آٹھ اکائی | ۸ | ۴ |  |
| اُنچاس | ۴۹ | چالیس اور نو | چار دہائی نو اکائی | ۹ | ۴ |  |
| پچاس | ۵۰ | پچاس | پانچ دہائی | ۰ | ۵ |  |

ترتیب وار عددوں کی جھنڈیاں۔
خالی جگہ میں مناسب عدد لکھو۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | ۴۷ | | | | ۴۲ | |

# ۵۱ سے ۶۰ تک کی پہچان اور لکھنا

## آؤ، سمجھ لیں ...


| | | | | اکائی | دہائی | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اکیاون | ۵۱ | پچاس اور ایک | پانچ دہائی ایک اکائی | ۱ | ۵ |  |
| باون | ۵۲ | پچاس اور دو | پانچ دہائی دو اکائی | ۲ | ۵ |  |
| ترپن | ۵۳ | پچاس اور تین | پانچ دہائی تین اکائی | ۳ | ۵ |  |
| چوّن | ۵۴ | پچاس اور چار | پانچ دہائی چار اکائی | ۴ | ۵ |  |
| پچپن | ۵۵ | پچاس اور پانچ | پانچ دہائی پانچ اکائی | ۵ | ۵ |  |
| چھپّن | ۵۶ | پچاس اور چھے | پانچ دہائی چھے اکائی | ۶ | ۵ |  |
| ستّاون | ۵۷ | پچاس اور سات | پانچ دہائی سات اکائی | ۷ | ۵ |  |
| اَٹھاون | ۵۸ | پچاس اور آٹھ | پانچ دہائی آٹھ اکائی | ۸ | ۵ |  |
| اُنسٹھ | ۵۹ | پچاس اور نو | پانچ دہائی نو اکائی | ۹ | ۵ |  |
| ساٹھ | ۶۰ | ساٹھ | چھے دہائی | ۰ | ۶ |  |

ترتیب وار عددوں کی جھنڈیاں۔ خالی جگہ میں مناسب عدد لکھو۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۰ | | | | | ۵۵ | | | | ۵۱ |

# ٦١ سے ٧٠ تک کی پہچان اور لکھنا

## آؤ، سمجھ لیں ...



| | | | | اکائی | دہائی |
|---|---|---|---|---|---|
| اِکسٹھ | ٦١ | ساٹھ اور ایک | چھے دہائی ایک اکائی | ١ | ٦ |
| باسٹھ | ٦٢ | ساٹھ اور دو | چھے دہائی دو اکائی | ٢ | ٦ |
| تِرسٹھ | ٦٣ | ساٹھ اور تین | چھے دہائی تین اکائی | ٣ | ٦ |
| چونسٹھ | ٦٤ | ساٹھ اور چار | چھے دہائی چار اکائی | ٤ | ٦ |
| پینسٹھ | ٦٥ | ساٹھ اور پانچ | چھے دہائی پانچ اکائی | ٥ | ٦ |
| چھیاسٹھ | ٦٦ | ساٹھ اور چھے | چھے دہائی چھے اکائی | ٦ | ٦ |
| سڑسٹھ | ٦٧ | ساٹھ اور سات | چھے دہائی سات اکائی | ٧ | ٦ |
| اَڑسٹھ | ٦٨ | ساٹھ اور آٹھ | چھے دہائی آٹھ اکائی | ٨ | ٦ |
| اُنہتّر | ٦٩ | ساٹھ اور نو | چھے دہائی نو اکائی | ٩ | ٦ |
| ستّر | ٧٠ | ستّر | سات دہائی | ٠ | ٧ |


ترتیب وار عددوں کی جھنڈیاں۔
خالی جگہ میں مناسب عدد لکھو۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٦١ | | | | ٦٥ | | | | | ٧٠ |


# ٧١ سے ٨٠ تک کی پہچان اور لکھنا

## آؤ، سمجھ لیں ...









| | | | | اکائی | دہائی |
|---|---|---|---|---|---|
| اکہتّر | ٧١ | ستّر اور ایک | سات دہائی ایک اکائی | ١ | ٧ |
| بہتّر | ٧٢ | ستّر اور دو | سات دہائی دو اکائی | ٢ | ٧ |
| تہتّر | ٧٣ | ستّر اور تین | سات دہائی تین اکائی | ٣ | ٧ |
| چوہتّر | ٧٤ | ستّر اور چار | سات دہائی چار اکائی | ٤ | ٧ |
| پچھہتّر | ٧٥ | ستّر اور پانچ | سات دہائی پانچ اکائی | ٥ | ٧ |
| چھہتّر | ٧٦ | ستّر اور چھے | سات دہائی چھے اکائی | ٦ | ٧ |
| ستتہتّر | ٧٧ | ستّر اور سات | سات دہائی سات اکائی | ٧ | ٧ |
| اٹھہتّر | ٧٨ | ستّر اور آٹھ | سات دہائی آٹھ اکائی | ٨ | ٧ |
| اُناسی | ٧٩ | ستّر اور نو | سات دہائی نو اکائی | ٩ | ٧ |
| اسّی | ٨٠ | اسّی | آٹھ دہائی | ٠ | ٨ |



ترتیب وار عددوں کی جھنڈیاں۔
خالی جگہ میں مناسب عدد لکھو۔



## آؤ، سمجھ لیں ...










| | | | | اکائی | دہائی | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اکیاسی | ۸۱ | اسّی اور ایک | آٹھ دہائی ایک اکائی | ۱ | ۸ |  |
| بیاسی | ۸۲ | اسّی اور دو | آٹھ دہائی دو اکائی | ۲ | ۸ |  |
| تراسی | ۸۳ | اسّی اور تین | آٹھ دہائی تین اکائی | ۳ | ۸ |  |
| چوراسی | ۸۴ | اسّی اور چار | آٹھ دہائی چار اکائی | ۴ | ۸ |  |
| پچاسی | ۸۵ | اسّی اور پانچ | آٹھ دہائی پانچ اکائی | ۵ | ۸ |  |
| چھیاسی | ۸۶ | اسّی اور چھے | آٹھ دہائی چھے اکائی | ۶ | ۸ |  |
| ستاسی | ۸۷ | اسّی اور سات | آٹھ دہائی سات اکائی | ۷ | ۸ |  |
| اٹھاسی | ۸۸ | اسّی اور آٹھ | آٹھ دہائی آٹھ اکائی | ۸ | ۸ |  |
| نواسی | ۸۹ | اسّی اور نو | آٹھ دہائی نو اکائی | ۹ | ۸ |  |
| نوّے | ۹۰ | نوّے | نو دہائی | ۰ | ۹ |  |

ترتیب وار عددوں کی جھنڈیاں۔
خالی جگہ میں مناسب عدد لکھو۔


| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | ۸۵ | | | | | ۹۰ |

# ۹۱ سے ۹۹ تک کی پہچان اور لکھنا

## آؤ، سمجھ لیں ...


| | | | | اکائی | دہائی | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اکیانوے | ۹۱ | نوّے اور ایک | نو دہائی ایک اکائی | ۱ | ۹ |  |
| بیانوے | ۹۲ | نوّے اور دو | نو دہائی دو اکائی | ۲ | ۹ |  |
| ترانوے | ۹۳ | نوّے اور تین | نو دہائی تین اکائی | ۳ | ۹ |  |
| چورانوے | ۹۴ | نوّے اور چار | نو دہائی چار اکائی | ۴ | ۹ |  |
| پچانوے | ۹۵ | نوّے اور پانچ | نو دہائی پانچ اکائی | ۵ | ۹ |  |
| چھیانوے | ۹۶ | نوّے اور چھے | نو دہائی چھے اکائی | ۶ | ۹ |  |
| ستانوے | ۹۷ | نوّے اور سات | نو دہائی سات اکائی | ۷ | ۹ |  |
| اٹھانوے | ۹۸ | نوّے اور آٹھ | نو دہائی آٹھ اکائی | ۸ | ۹ |  |
| ننانوے | ۹۹ | نوّے اور نو | نو دہائی نو اکائی | ۹ | ۹ |  |

ترتیب وار عددوں کی جھنڈیاں۔
خالی جگہ میں مناسب عدد لکھو۔





صدپا (گوجر) کی پیٹھ پر سلسلہ وار عدد لکھو۔





7ZH48E

# سیکڑہ کی پہچان

**آؤ، دیکھیں۔** ۱ + ۹۹ کتنا ہوگا؟ اسے کس طرح لکھیں گے؟


اکائی ۹ + دہائی ۹ = ۹۹



دہائی ۹ اکائی ۹ اکائی ۱


نو سے بڑا ہندسہ نہیں ہے اس لیے اکائی کے مقام پر ۱۰ اکائی جمع ہو جائے تو ان کا ایک گٹّھا باندھ کر بائیں جانب دہائی کے مقام پر لے جائیں گے۔

۱ + ۹۹



دہائی ۹ دہائی ۱ دہائی ۱۰

اب دہائی کے مقام پر دس دہائی ہو گئے۔ دس دہائی کا بڑا گٹّھا باندھ کر بائیں جانب سیکڑے کے مقام پر رکھیں گے۔ اِس بڑے گٹّھے کا نام ہے 'سیکڑہ'۔ 'سیکڑہ' یعنی سو۔



سیکڑہ ۱ دہائی صفر اکائی صفر

| سیکڑہ | دہائی | اکائی |
|---|---|---|
| ۱ | ۰ | ۰ |

اس میں ایک سیکڑہ، صفر دہائی اور صفر اکائی ہے۔ اسی لیے 'سو' کو '۱۰۰' اس طرح لکھتے ہیں۔

# جمع : ۲۰ تک کی


ہم چھوٹے عددوں کی جمع سیکھ چکے ہیں۔اب مزید جمع سیکھیں گے۔





۵ + ۴ = ۹




۸ + ۵ = ☐



۱۰ + ۳ = ۱۳



۱۳ + ۲ = ☐

## جمع کی کہانی



ایک بار ایسا ہوا کہ شاہد گھر میں کہانی کی کتاب پڑھ رہا تھا۔اچانک ابّا گھر آئے۔شاہد کو کتاب پڑھتا دیکھ کر وہ بہت خوش ہوئے۔انھوں نے شاہد کو قریب بلایا۔شاہد نے ابّا سے کہا، ’’ابّا، میں ساتوں کتابیں پڑھ چکا ہوں۔‘‘ ابّا نے کہا، ’’واہ! بہت اچھّا۔‘‘ ابّا نے خوش ہوکر شاہد کو اور چار کتابیں الماری سے نکال کر دیں۔شاہد بہت خوش ہوا۔اب شاہد کے پاس کتنی کتابیں ہوگئیں؟


اب بتاؤ ...

۱۔ شاہد کے پاس پہلے کتنی کتابیں تھیں؟ ☐


۲۔ ابّا نے خوش ہوکر شاہد کو کتنی کتابیں دیں؟ ☐

۳۔ شاہد کے پاس کُل کتنی کتابیں ہوگئیں؟ ☐

# جمع : آگے گن کر





پانچ اور تین کی جمع کریں گے۔ پانچ کے بعد تین عدد سلسلہ وار گنیں گے یعنی ۵ سے آگے بڑھیں گے۔ ۶ ، ۷ ، ۸۔ کل ۸ موتی ہوئے۔ جمع آٹھ ہوئی۔





اب آٹھ اور پانچ کی جمع کریں گے۔ اس کے لیے آٹھ موتیوں کے بعد کے پانچ عدد سلسلہ وار گنیں گے۔ ۹ ، ۱۰ ، ۱۱ ، ۱۲ ، ۱۳۔ کل ۱۳ موتی ہوئے۔

ایک عدد میں دوسرا عدد ملاتے وقت پہلے عدد کے بعد دوسرا عدد گنیں تو ان کی جمع حاصل ہوتی ہے۔ دو عددوں میں سے بڑے عدد کے بعد چھوٹے عدد کے برابر عدد سلسلہ وار گننا آسان ہوتا ہے۔ ۹ + ۴ اس جمع کو کرتے وقت ۴ کے بعد ۹ عدد گننے کی بجائے ۹ کے بعد ۴ عدد گننا آسان ہے۔


آؤ، جمع کی مشق کریں۔



# تواتُر

ترتیب سے آنے والی اور تین تصویریں بناؤ یا عدد لکھو۔











۴ ۱ ۴ ۱ ۴ ۱ ۴ ۱

۲ ۳ ۴ ۲ ۳ ۴


غور سے دیکھو اور رنگ بھرو۔ ۳ ۲ ۱



۱ ۲ ۱ ۲ ۱ ۲ ۱ ۲ ۱ ۲ ۱ ۲



۲ ۳ ۲ ۳ ۲ ۳ ۲ ۳ ۲ ۳ ۲ ۳




۳ ۱ ۳ ۱ ۳ ۱ ۳ ۱ ۳ ۱ ۳ ۱

## اندر - باہر

جس تصویر میں ٹوکری کے اندر کتا ہے اس کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔






جس تصویر میں آدمی گاڑی کے باہر ہے اس کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔






## چوڑا - کم چوڑا

چوڑے راستے والی تصویر کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔





کم چوڑے برش کی تصویر کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔






7ZQZA2


# آؤ، شکلیں پہچانیں

شکلوں کو غور سے دیکھو۔







ان شکلوں کی چیزیں تلاش کرو۔ وہ کتنی ہیں، لکھو۔



# لمبا - کم لمبا

کم لمبی چیز کے گرد ◯ بناؤ۔








لمبی چیز کے گرد ◯ بناؤ۔





لمبائی کے مطابق چیزوں کو چڑھتی ترتیب میں رکھو۔





۴


۱

۳


۲








# سب سے زیادہ لمبا - سب سے کم لمبا



سب سے زیادہ لمبی





سب سے کم لمبی

سب سے زیادہ لمبے کیڑے کے ☐ میں رنگ بھرو۔



سب سے کم لمبی قطار کے ☐ میں رنگ بھرو۔









# اُونچا - بَونا

اُونچی چیز کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔








بَونی چیز کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔ (بَونا یعنی کم اُونچا)





# سب سے اُونچا - سب سے بَونا

سب سے اُونچے کتّے کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔

☐ ☐ ☐


سب سے چھوٹے (بَونے) درخت کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔





☐ ☐ ☐

سب سے کم اُونچے کھمبے
کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔



☐ ☐ ☐


# بھاری   ہلکا

بھاری چیز کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔







ہلکی چیز کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔

بات چیت کرو۔
کیا بڑی چیز ہمیشہ زیادہ بھاری ہوتی ہے؟

7ZZVBP




رضیہ سے ☐ نزدیک ہے اور ☐ دُور ہے۔





کنویں سے سب سے زیادہ نزدیک کون ہے؟ ☐

کنویں سے سب سے زیادہ دُور کون ہے؟ ☐

# دایاں بایاں




دایاں بایاں






دائیں جانب جاؤ۔

بائیں جانب جاؤ۔





# کم وقت - زیادہ وقت

جو کم وقت میں بھرے گا، اس کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔



☐



☐

جس سواری کے ذریعے سفر میں زیادہ وقت لگتا ہے، اس سواری کی تصویر کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔



☐




☐

819RDC

# کس کے بعد کیا؟

تصویروں کو غور سے دیکھو۔ کاموں کی صحیح ترتیب لگاؤ۔

۱



| | | |
|---|---|---|
| ۱ | ۳ | ۲ |

۲



| | | |
|---|---|---|
| | | |

۳



| | | |
|---|---|---|
| | | |

# آؤ، گنتی کریں

شاہد کے پلنگ کے لیے چادر چاہیے : ایک بہت کم لمبا، ایک بہت لمبا ہے۔






پلنگ کی لمبائی ناپو
پھر چادر کا ناپ طے کرو۔



شاہد کا پلنگ ناپنے کے لیے
ٹیپ نہیں ہے۔ پلنگ کا
ناپ بالشت سے لیں گے۔





شاہد نے پلنگ کی لمبائی ۱۱ بالشت ناپی۔ اس لیے چادر ۱۳ بالشت کی لائیں گے کیوں کہ چادر کچھ لمبی لگتی ہے۔

بات چیت کرو : کون سی چیزوں کی لمبائی ناپی جاتی ہے؟
لمبائی ناپنے کے لیے کون سے وسائل استعمال کریں گے؟




۱۔ تمھارے آس پاس کے دو گملوں کے بیچ کا فاصلہ
قدموں سے ناپو۔ ☐ قدم۔



۲۔ اخبار کی لمبائی کتنے بالشت ہوگی، اس کا اندازہ لگاؤ۔
اب ناپ کر اخبار کی لمبائی کتنے بالشت ہے، لکھو۔ ☐ بالشت۔

# ہفتے کے دن




| دن | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ |
|---|---|---|---|---|---|
| کھیل | کھوکھو | لنگڑی | گِلّی ڈنڈا | آنکھ مچولی | لگوری |

اوپر دی ہوئی جدول کی مدد سے سوالوں کے جواب چوکون میں لکھو۔

ا۔ بچے منگل کو کون سا کھیل کھیلتے ہیں؟

۲۔ آنکھ مچولی کس دن کھیلتے ہیں؟

۳۔ بچوں نے آج کھوکھو کھیلا تو کل کون سا کھیل کھیلیں گے؟

۴۔ بچوں نے کل لنگڑی کھیلی تو وہ آج کون سا کھیل کھیلیں گے؟


| سنیچر | اتوار | پیر |
|---|---|---|
| گزرا ہوا کل<br>اسکول سے سیر کے لیے گئے تھے۔ | آج<br>اسکول کو چھٹی ہے۔ | آنے والا کل<br>ہمیشہ کی طرح اسکول ہوگی۔ |

آؤ، سمجھ لیں...

سات دنوں کی مدت کو ہفتہ کہتے ہیں۔ فارسی میں سات کو 'ہفت' کہتے ہیں اور سات دنوں کو ہفتہ کہتے ہیں۔

# معلومات پڑھ کر دیکھیں کیا سمجھ میں آتا ہے۔

تصویر کو غور سے دیکھو اور سوالوں کے جواب لکھو۔




۱۔ سب سے کم تعداد میں کون سا جانور ہے؟

۲۔ سب سے زیادہ تعداد میں کون سا جانور ہے؟


۳۔ چڑیا گھر میں شیر کتنے ہیں؟

۴۔ چڑیا گھر میں ہرن کتنے ہیں؟

۵۔ کون سے جانوروں کی تعداد دو ہے؟

ان میں سے تمھارا پسندیدہ جانور کون سا ہے؟ وہ تمھیں کیوں پسند ہے؟

81IMEZ




مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴۱۱۰۰۴-

महाराष्ट्र राज्य पाठ्यपुस्तक निर्मिती व अभ्यासक्रम संशोधन मंडळ

₹ 46.00

उर्दू गणित इयत्ता पहिली